روزنامہ

برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین
نیئر صدیقی

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر آصف سیٹھی

سینئر ایڈیٹر
محمد یونس مغل

گوجرانوالہ
پاکستان

ایگزیکٹو ایڈیٹر
مدثر عظیم انصاری

چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات

ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 | جمعۃ المبارک 21 اکتوبر 2022ء، 23 ربیع الاول 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 51

محتسب کے اداروں کو مضبوط کرنے کی کوشش کی جائے گی: اعجاز احمد قریشی

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران ایسوسی ایشن کے مقاصد کو آگے بڑھانے میں اپنی صلاحتیں بروئے کار لائیں گے: وفاقی محتسب

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ روز آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر کی حیثیت سے اے او اے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیسویں (23) اجلاس کی صدارت کی اور اپنے پیش رو وفاقی محتسبین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اے او اے کے ممبران ملکوں کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے محتسب کے اداروں کو مضبوط کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسوسی ایشن کے مقاصد کو آگے بڑھانے میں اپنی صلاحتیں بروئے کار لائیں گے۔ اجلاس میں چین، جاپان، آذربائیجان، پاکستان، ترکی، انڈونیشیا، ایران، ہانگ کانگ اور کوریا سمیت 25 ممالک کے محتسبین نے شرکت کیں۔ وفاقی محتسب نے 2019ء کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے کووڈ-19 کے باعث انتہائی مشکل حالات میں ادارے کے کام کو آگے بڑھایا۔ انہوں نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ ان مشکل برسوں کے دوران ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن کے اسلام آباد میں ہیڈ آفس نے کام جاری رکھا اور ایسوسی ایشن کے فیصلوں پر عملدرآمد کی بھرپور کوشش کی۔ واضح رہے کہ ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (اے او اے) ایشیائی ممالک کے محتسبین کی ایک تنظیم ہے جس میں براعظم ایشیاء کے 25 اہم ممالک کے محتسبین شامل ہیں۔ تنظیم کا ہیڈ آفس وفاقی محتسب سیکرٹریٹ اسلام آباد میں واقع ہے اور پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اے او اے کے صدر بھی ہیں۔ اے او اے کے آذربائیجان، باکو میں جاری اجلاس میں تنظیم کو مزید مضبوط اور موثر بنانے کے لئے متعدد فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں اے او اے کی 2019ء تا 2021ء کی کارکردگی رپورٹ بھی پیش کی گئی اور USLAN میٹروپولیٹن امبڈسمن کمیٹی آف کوریا کو اے او اے کی مکمل رکنیت دینے کی سفارش کی گئی۔ اجلاس کی سفارشات کو اے او اے کی جنرل اسمبلی میں منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں اے او اے کے مقاصد کو آگے بڑھانے میں پاکستان کی قیادت پر بھرپور اعتماد اور اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ پاکستان کے وفاقی محتسب اور اے او اے کے صدر اعجاز احمد قریشی نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ پاکستان کے وفاقی محتسب کا ادارہ 1983ء سے لے کر اب تک اٹھارہ لاکھ سے زیادہ شکایات کو نمٹا چکا ہے جب کہ سال 2022ء کے دوران اب تک ایک لاکھ آٹھ ہزار دو سو (108,200) سے زیادہ شکایات کے فیصلے کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا جا رہا ہے نیز شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ سرکاری اداروں کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب نے 27 سے زیادہ مطالعاتی رپورٹیں تیار کر کے متعلقہ اداروں اور حکومت کو بھجوائی ہیں جن میں جیلوں کی اصلاح، اسٹریٹ چلڈرن کے مسائل، بیرون ملک پاکستانیوں کی مشکلات کا حل وغیرہ شامل ہیں۔ وفاقی محتسب نے حال ہی میں شروع کیے گئے نئے اقدامات جن میں او سی آر، تنازعوں کا غیر رسمی حل (IRD) اور مختلف اداروں کے اچانک معائنے شامل ہیں، کے بارے میں بھی اجلاس کو بتایا۔ شرکاء نے وفاقی محتسب آف پاکستان کی کارکردگی میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے اس ماڈل کو اپنانے کا عندیہ دیا۔